سوال

(152)خواتین کے زیر استعمال زیورات پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کرائیڈن سے مسز حسن علی دریافت کرتی ہیں کہ کیا زیورات کی زکوٰۃ دینا ضروری ہے اور اگر ضروری ہے تو کیا اس میں وہ زیورات بھی شامل ہیں جو عورت استعمال کر رہی ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں جواب دے کر مطمئن کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

زیور کی زکوٰۃ کے بارے میں ائمہ دین اور فقہاء کرام کے درمیان کچھ اختلاف پایا جاتا ہے۔ لیکن سارے دلائل کو سامنے رکھتے ہوئے جو چیز سامنے آتی ہے وہ زیور کی زکوٰۃ کے وجوب پر دلالت کرتی ہے اور اس سلسلے میں نبی کریم ﷺ کے ارشادات اتنے واضح ہیں کہ ان میں کسی تاویل کی ہر گز گنجائش باقی نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص341

محدث فتویٰ